سوال

(43)اماں حواکوآدم علیہ السلام کی دختر کہنا؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مجھ سے ایک آریہ نے سوال کیا کہ تمہارے عقیدہ کی بنا پر اماں حوا حضرت آدم علیہ السلام کی پسلی سے پیدا ہوئیں تو وہ آدم کی دختر ہوئیں اس سوال کا کیا جواب دیا جائے؟ (محمد حیات شاہ پوری)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حوا کا پسلی آدم سے پیدا ہونا ثابت نہیں، حدیث ضعیف ہے اگر صحیح مانا بھی جائے تو لڑکی لڑکا پسلی سے پیدا نہیں ہوا کرتے، لہذا حوا حضرت آدم کی لڑکی نہ ہوئی واللہ اعلم اخبار اہلحدیث امرتسر جلد نمبر ۳۳ شمارہ نمبر ۱

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاوی علمائے حدیث

جلد 10 ص 91

محدث فتویٰ